# پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ

## چودھویں سالانہ عام اجلاس کی اطلاع

پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے معزز اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا چودھواں سالانہ عام اجلاس پیر 27۔نومبر 2023ء دن 11:30 بجے، بیچ لگژری ہوٹل، کراچی میں وڈیو سہولت کے ساتھ درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ کمپنی کے محاسب شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے مع چیئرمین (ناظم اعلیٰ برائے مجلس نظماء) رپورٹ، ڈائریکٹرز (مجلس نظماء) رپورٹ اور محاسب کی رپورٹ برائے سال مختتمہ 30۔جون 2023ء کی وصولی، ان پر غور و خوض اور اس کا اطلاق کرنا۔

2۔ کمپنی کے لئے محاسب کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ ہر گاہ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مجلس نظماء اور محاسب کمیٹی کی جانب سے محاسب میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کو کمپنی کے محاسب کی حیثیت سے تقرر کے لئے تجویز کیا ہے۔

خصوصی امور

3۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان مجریہ ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مؤرخہ 21۔مارچ 2023 میں دی گئی اجازت کے مطابق سالانہ مالیاتی گوشوارے، منافع وخسارہ، محاسب کی رپورٹ، ڈائریکٹرز (نظماء) کی رپورٹ (محاسب شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے) کی کیو آر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے حصص یافتگان کو منتقلی کی ایک عمومی قرارداد منظور کرنا۔

اراکین کو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت مذکورہ اطلاع کے ساتھ مادی حقائق کا بیانیہ ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ (مجلس نظماء)

کریم بخش

کمپنی سیکریٹری

کراچی 6۔نومبر 2023ء

**نوٹ:**

**1۔ سالانہ عام اجلاس میں آن لائن شرکت**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کمپنی نے سالانہ عام اجلاس میں اراکین کی آن لائن شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ اسمارٹ فون/ٹیبلٹ/کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے اجلاس میں شامل ہوا جا سکتا ہے۔ وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کے ساتھ سی این آئی سی/پاسپورٹ/بورڈ کی مصدقہ قرارداد کی نقل/پاور آف اٹارنی کی نقل کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن برائے سالانہ عام اجلاس پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے عنوان سے corporate@pibt.com.pk اور cdcsr@cdcsrsl.com پر معلومات فراہم کرکے 24۔نومبر 2023ء کو یا اس سے قبل ای میل کے ذریعے خود کو رجسٹرڈ کروائیں۔

| رکن کا نام | کمپنی کا نام | سی این آئی سی نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے اراکین کو کمپنی کی طرف سے اسی ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس سے وہ کمپنی کو ای میل کرتے ہیں۔ رابطے کی یہ سہولت اجلاس کے آغاز سے کارروائی کے اختتام تک میسر رہے گی۔

**2۔ حصص منتقلی کے کھاتوں کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں20۔نومبر 2023ء تا 27۔نومبر 2023ء (بشمول ہر دوایام) بند رہیں گی۔17۔نومبر2023ء کو کاروبار کے اختتام سے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر واقع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس،99۔بی،بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں موصول ہونے والے ترتیب شدہ انتقالات سالانہ عام اجلاس میں شرکت، اظہار رائے اور حق رائے دہی کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

**3۔ ممبران کا حق نیابت**

اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ کے استحقاق کا حامل ممبر ووٹ اور شرکت کیلئے اپنی بجائے کسی دوسرے ممبر کو اپنا/اپنی نمائندہ مقرر کر سکتا/سکتی ہے تاکہ مقرر کردہ نمائندے کو اجلاس میں شرکت، اظہار رائے اور حق رائے دہی کا حق حاصل ہو۔ نمائندہ کے تقرر نامہ کی افادیت کے لئے ضروری ہے کہ یہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائے۔ نمائندہ کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں اور ایک ممبر ایک سے زائد نمائندگان کا تقرر نہیں کر سکتا۔ نمائندگی کا گوشوارہ انگریزی اور اردو زبانوں میں اس اطلاع نامہ کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز (مجلس نظماء) کی قرار داد / پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ درج شدہ ای میل پتے پر فراہم کرنا ہو گا۔

**4۔ اجلاس عام میں شرکت:**

اپنی شناختی تصدیق کے لئے انتفاعی مالکان اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ساتھ اپنی سی ڈی سی شراکتی شناخت اور کھاتہ نمبر لازمی ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ اراکین کے نمائندہ کے لئے ضروری ہے کہ نامزد کنندہ کی جانب سے دستخط شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا اور پاور آف اٹارنی لازمی ہمراہ لائے۔

ایسے اراکین جو اپنے حصص سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) میں جمع کروا چکے ہیں انہیں اجلاس کے مقام پر اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ساتھ اپنی سی ڈی سی شراکتی شناخت ہمراہ لانے کا مشورہ دیا جاتا ہے اور مزید سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے ذیل میں دی گئی ہدایات کی پیروی کرنا ہو گی۔

**الف۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i۔ انفرادی حیثیت میں کوئی کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطہ کے مطابق برقی ترسیل شدہ ہیں، ان کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناختی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہو گا۔

ii۔ بصورت ادارہ اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے مہیا نہ کئے گئے ہوں) فراہم کرنا ہوں گے۔

**ب۔ نمائندہ کے تقرر کیلئے:**

i۔ انفرادی حیثیت میں کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطہ کے مطابق برقی ترسیل شدہ ہیں، ان کو درج بالا شرائط کے مطابق نمائندگی کا گوشوارہ جمع کرانا ہو گا۔

ii۔ نمائندگی کا گوشوارہ دو افراد سے تصدیق شدہ ہوگا، جن کا نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا نمبر گوشوارے پر درج ہوگا۔

iii۔ انتفاعی مالکان اور نمائندگان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول نمائندگی کے گوشوارے کے ہمراہ جمع کرانی ہوں گی۔

iv۔ نیابتی نمائندہ اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرے گا۔

v۔ بصورت ادارہ اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط (اگر پہلے مہیا نہ کئے گئے ہوں) کمپنی کے نمائندگی کے گوشوارے کے ہمراہ فراہم کرنا ہوں گے۔

## 5۔ پتے کی تبدیلی

اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں کی تبدیلی کے متعلق کمپنی کے رجسٹرار سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99۔بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فوری مطلع کریں۔ جبکہ ایسے اراکین جن کے حصص بک انٹری (سی ڈی سی) شکل میں ہیں ان سے درخواست ہے کہ ان کا پتہ ان کے سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا انوسٹر اکاؤنٹ سروس کے پاس اپ ڈیٹ ہونا چاہیے۔

## 6۔ سالانہ رپورٹ

جن اراکین نے اپنے ای میل پتے مہیا کئے ہوئے ہیں انہیں ان کے ای میل پتوں پر اور دیگر کو سی ڈیز کے ذریعے سالانہ رپورٹ برائے سال 2023ء کی سافٹ کاپی بشمول اطلاع سالانہ عام اجلاس اور محاسب شدہ حسابات برائے سال مختتمہ 30۔ جون 2023ء مع ڈائریکٹرز رپورٹ (بیان نظماء) و چیئرمین رپورٹ (بیان ناظم اعلیٰ برائے مجلس نظماء) ارسال کی جارہی ہے۔ کمپنی نے سالانہ رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.pibt.com.pk پر بھی آویزاں کر دی ہے۔ وہ اراکین جو سالانہ رپورٹ کتابی شکل میں حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنی اس ضرورت کو کمپنی کی ویب سائٹ www.pibt.com.pk اور اس کے رجسٹرڈ پتے پر دستیاب معیاری درخواست فارم کے ذریعے ارسال کریں۔ درخواست کی موصولی سے سات دن کے اندر مطلوبہ کتابی سالانہ رپورٹ ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کر دی جائے گی۔

## 7۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول کی فراہمی اور زکوٰۃ کٹوتی کی تفصیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے لئے ڈیویڈنڈ وارنٹس پر انفرادی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اوورسیز پاکستان کا قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر اور ادارہ ہونے کی صورت میں قومی ٹیکس نمبر کا اندراج لازمی قرار دیا ہے۔ اس طرح کی معلومات کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے مطابق کمپنی کو ایسے اراکین کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے روک دیا جائے گا۔ مزید برآں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ / این ٹی این کی تفصیلات اس لئے بھی درکار ہوتی ہیں کہ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی فہرست کے مطابق فعال ٹیکس دہندگان کا جائزہ لیا جاسکے۔ لہٰذا جن اراکین نے تاحال یہ معلومات فراہم نہیں کی ہیں انہیں ایک بار پھر ہدایت دی جاتی ہے کہ اپنے فولیو نمبر کے ساتھ مذکورہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

زکوٰۃ استثنیٰ کے لئے اراکین سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم سی زیڈ۔50 کی مصدقہ نقل پچاس روپے والے اسٹامپ پیپر پر شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

## 8۔ برقی ذرائع سے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 242 کی رو سے لسٹڈ کمپنیاں نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی اراکین کی جانب سے نامزد کردہ بنک اکاؤنٹ میں براہ راست برقی نظام کے ذریعہ ہی کروائیں گی۔ لہٰذا وہ اراکین جن کے پاس طبعی حصص موجود ہیں سے درخواست ہے کہ کمپنی کا متعلقہ معلومات کا فارم جو کمپنی کی ویب سائٹ www.pibt.com.pk پر بھی موجود ہے مکمل کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ بنابریں اگر حصص اندراج کتاب شکل میں رکھے گئے ہیں تو مذکورہ معلومات سی ڈی ایس شرکاء کے ذریعے سینٹرل ڈیپازیٹری سسٹم کو فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔

### 9۔ طبعی حصص کا سی ڈی سی کھاتوں میں جمع کرانا

کمیشن کی بیان کردہ تاریخ اور واضح طور پر ہدایت کردہ طریقہ کار کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء دفعہ 72 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کو چاہیے کہ اپنے طبعی حصص بک انٹری شکل میں بدل لیں۔ طبعی حصص کے حاملین سے درخواست ہے کہ اپنے حصص بک انٹری شکل میں جلد از جلد تبدیل کرا لیں۔ اس مقصد کے لئے اراکین اپنا سی ڈی سی ذیلی کھاتہ کسی بھی بروکر یا براہ راست سرمایہ کاری کھاتہ سی ڈی سی کے ساتھ کھول کر اپنے طبعی حصص بغیر کسی تحریری شکل کے محفوظ کر سکتے ہیں۔ یہ ان کے لئے کئی طرح فائدے کا سبب ہو گا جیسے حصص کی فروخت، جیسا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد و ضوابط کے مطابق جب اور جہاں چاہیں ان کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔ یہ آپ کی لاگت کم کرتا ہے اور حفاظت اور چوری اور گم یا جعل سازی کی صورت میں تبدیلی کے عمل کو آسان بناتا ہے۔ طبعی حصص کی بک انٹری شکل میں تبدیلی کے لئے آپ کمپنی کے شیئر رجسٹرار مذکورہ فراہم کردہ معلومات پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 10۔ خصوصی امور پر اظہار رائے

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز پوسٹل بیلٹ ریگولیشنز، 2018 میں ترمیم شدہ نوٹیفکیشن کے ذریعے جاری ایس ای سی پی مؤرخہ 5۔ دسمبر 2022ء کے مطابق جو کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ممبران کو بذریعہ ڈاک ووٹنگ تمام امور پر خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بندی کرتی ہیں۔
اس کے مطابق کمپنی کے اراکین کو 27۔ نومبر 2023ء کو آنے والے سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے یا خصوصی کاروبار کے لئے ڈاک کے ذریعے مذکورہ ضوابط میں شامل شرائط کی مطابقت میں ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے گی۔

### 11۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار

i ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے سیل نمبر اور ای میل ایڈریس، فعال قومی شناختی کارڈ کا، 17۔ نومبر 2023 کو کاروباری سرگرمیاں ختم ہونے سے قبل اراکین کے کھاتوں میں درست اندراج موجود ہو گا۔

ii ویب ایڈریس اور لاگ اِن کی تفصیلات سے ای میل کے ذریعے اراکین کو آگاہ کیا جائے گا۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ ای ووٹنگ خدمات فراہم کنندہ ہونے کے ناطے سی ڈی سی کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سکیورٹی کوڈز کی اطلاعات دی جائیں گی۔

iii ای ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائیں گی۔

iv ای ووٹنگ لائنیں 21 نومبر 2023ء صبح 9:00 بجے سے شروع ہو کر 26۔ نومبر 2023ء شام 5:00 بجے اختتام پزیر ہوں گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

### 12۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ درست طریقہ سے بھرے گئے فارم اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر اجلاس کے چیئرمین تک دوسری منزل، بزنس پلازہ، ممتاز حسن روڈ، کراچی پتے پر پوسٹ کے ذریعے یا ای میل کے ذریعے 25۔ نومبر 2023ء تک یا 26 نومبر 2023ء تک corporate@pibt.com.pk پر کام کے اوقات میں پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔ یہ پوسٹل بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.pibt.com.pk پر دستیاب ہے یا اخبارات میں شائع شدہ نوٹس بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ برائے کرم نوٹ کریں کہ ایک

سے زیادہ ووٹ ڈالنے سمیت ووٹنگ میں کسی تنازعہ کی صورت میں، چیئرمین کو حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار ہو گا۔

## کمپنی ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

یہ بیان 27۔نومبر 2023ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

### کیو آر (QR) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو سالانہ محاسب شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایس آر او 2023/(I)389 مؤرخہ 21۔مارچ 2023ء کے ذریعے فہرست میں درج کمپنیوں کو سالانہ محاسب شدہ مالیاتی گوشواروں بشمول سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع و خسارہ کے کھاتوں، محاسب کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز (نظماء) کو ترسیل کی اجازت ہے۔ رپورٹ وغیرہ (سالانہ محاسب شدہ مالیاتی گوشوارے) اپنے اراکین کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کی بجائے کیو آر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کر دیں۔ یہ کمپنی کو تکنیکی ترقی اور لاگت کی بچت کے استعمال کے قابل بنائے گا۔ کمپنی محاسب شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ کتابی شکل میں حصص یافتگان کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر، ایک ہفتے کے اندر، مفت بھیجے گی۔ اگر اراکین کی جانب سے ویب سائٹ پر دستیاب معیاری درخواست فارم پر کوئی درخواست کی گئی ہو، کمپنی مندرجہ ذیل قرارداد کو ایک عمومی قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے۔

مندرجہ ذیل قرارداد کو ایک عمومی قرارداد کے طور پر پیش کیا گیا۔

قرار پایا کہ پاکستان انٹر نیشنل بلک ٹرمینل لیمٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان نے اپنی رضامندی کا اظہار کیا کہ کمپنی کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ کمپنی کے سالانہ محاسب شدہ مالیاتی گوشواروں، مطلوبہ رپورٹس اور دستاویزات کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کی بجائے اطلاقی قوانین کے تحت کیو آر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے منسلک کرے۔

قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر یا اور کمپنی سیکریٹری انفرادی طور پر اس قرارداد کو نافذ کرنے کی تجاویز کے لئے بااختیار ہیں اور اس پر عمل درآمد کے لئے تمام اقدامات، اعمال اور کارروائیوں کی انجام دہی کے مجاز ہیں۔